سوال

(100) مکروہ اوقات

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

وہ کونسے اوقات ہیں جن میں نماز پڑھنی مکروہ ہے۔؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

دوپہر کے وقت جمعہ کے دن کے سوا اور نماز فجر کے بعد آفتاب بلند ہونے تک اور نماز عصر کے بعد آفتاب غروب ہونے تک سب جگہ نماز منع ہے ہاں مکہ میں ہر وقت درست ہے اور سببی نماز جو کسی سبب سے رہ جائے وہ بھی ہر وقت درست ہے۔ جیسے فجر کی سنتیں جماعت میں شامل ہونے کی وجہ سے رہ جائیں تو جماعت سے فراغت کے بعد پڑھ لے۔ اس طرح پوہ پھٹنے کے بعد نماز فجر سے پہلے سنت فجر کے سوا کوئی نماز نہیں مگر سببی نماز جائز ہے مثلاً وتر رہ گئے ہوں تو پڑھ لے اس طرح فرض نمازوں کی قضا کا حکم ہے۔

وباللہ التوفیق

[فتاویٰ اہلحدیث]

[کتاب الصلوۃ، نماز کا بیان، ج2ص59]

[محدث فتویٰ]